**10.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. اسلم بیگ

**Music**

--------------------------------

☆ مرکز نے مغربی ایشیا کی صورتحال کے دوران، اہم شعبوں کیلئے قدرتی گیس کی سپلائی یقینی بنانے کے مقصد سے لازمی اشیا کا قانون نافذ کردیا ہے۔ حکومت نے سبھی تیل ریفائنریز کو ہدایت دی ہے کہ وہ گھریلو استعمال کیلئے LPG کی پیداوار میں اضافہ کردیں۔

☆ لوک سبھا میں اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے کی قرارداد پیش کی گئی ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران، آبنائے ہرمز سے تیل لے جانے میں روکاوٹ پیدا کرتا ہے، تو ایران کے خلاف فوجی کارروائی میں شدت آجائے گی۔

☆ محکمۂ موسمیات نے آج ہماچل پردیش میں سخت گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج Besil میں شروع ہورہا ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Gazzete Natural Gas**

مغربی ایشیا میں جاری صورتحال کے پیش نظر حکومت نے لازمی اشیاء ایکٹ 1955 نافذ کردیا ہے، جس کے تحت ترجیحی شعبوں کیلئے قدرتی گیس کی فراہمی اور برابر تقسیم اور پیداوار کو ضابطے کے تحت لایا جاتا ہے۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کے ایک نوٹس کے مطابق پائپ کے ذریعے قدرتی گیس کی سپلائی، ٹرانسپورٹ کیلئے Compressed قدرتی گیس، LPG کی پیداوار اور پائپ لائن کے Compressor ایندھن ترجیحی شعبوں میں شامل ہیں۔×

**Govt LPG**

حکومت نے سبھی آئل ریفائنریوں کو LPG کی پیداوار بڑھانے اور اِس اضافی پیداوار کو گھریلو استعمال کے لیے مختص کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ قدم موجودہ جغرافیائی اور سیاسی حالات کے سبب ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں اور LPG کی سپلائی میں کمی کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔

سوشل میڈیا پر جاری ایک بیان میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ حکومت نے گھریلو صارفین کیلئے LPG کی فراہمی کو ترجیح دی ہے اور سلنڈر کی بکنگ کیلئے 25 دن کا وقفہ مقرر کیا ہے، تاکہ ذخیرہ اندوزی اور کالا بازاری کو روکا جاسکے۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ آئل مارکٹنگ کمپنیوں کے تین ایگزیکیوٹو ڈائریکٹرز کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جو ریستوران،

ہوٹلس اور دیگر صنعتوں کی مانگ کا جائزہ لے گی۔×

## Reaction Gas Supply

BJP کے ممبر پارلیمنٹ تیجسوی سوریہ نے کہا ہے کہ حکومت نے مغربی ایشیا کی صورتحال کے پیش نظر ملک کی توانائی ضرورتوں کی حفاظت کیلئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری ذاتی طور پر روزانہ حالات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ جناب سوریہ نے کہا کہ حکومت نے بار بار اِس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ ملک کی توانائی سکیورٹی اوّلین ترجیح ہے۔×

## LS Resolution

لوک سبھا نے اسپیکر اوم برلا کو ہٹانے سے متعلق قرارداد پر بحث شروع کی ہے۔ دن میں 12 بجے پہلی مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد ایوان کی کارروائی جب پھر سے شروع ہوئی تو کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر محمد جاوید نے قرارداد پیش کی۔ اُنہوں نے کہا کہ اسپیکر نے اپوزیشن کے لیڈر اور دیگر اپوزیشن کے لیڈران کو ایوان میں بولنے سے روکا اور اپوزیشن کی خاتون ممبرانِ پارلیمنٹ کے خلاف غیرضروری الزامات لگائے۔ جناب جاوید نے کہا کہ جناب برلا، ایوان کے سبھی گروپوں کا اعتماد حاصل کرنے کیلئے ضروری غیرجانبدار رویہ قائم رکھنے میں ناکام رہے ہیں۔ پریزائڈنگ افسر جگدمبیکاپال نے ممبران کو یہ جانکاری دی کہ اِس قرارداد پر بحث کیلئے دس گھنٹوں کا وقت دیا گیا ہے۔

بحث کی شروعات کرتے ہوئے کانگریس کے گوروگوگوئی نے کہا کہ صدر کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے دوران تقریر کرتے ہوئے اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کو اسپیکر نے کئی مرتبہ روکا۔ اُنہوں نے کہا کہ ایوان کی کارروائیوں کے دوران اسپیکر نے جانبدار رویہ اختیار کیا تھا۔ جناب گوگوئی نے کہا کہ ایوان کے وقار کو قائم رکھنے کی ذمے داری اُٹھاتے ہوئے یہ قرار داد پیش کی گئی ہے۔ یہ ذاتی طور پر جناب برلا کے خلاف نہیں ہے۔×

## LS - Shivraj Food Production

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ملک میں پچھلے دس سال کے دوران اناج کی پیداوار میں 44 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران، ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ ملک نے 35 کروڑ 70 لاکھ ٹن اناج کی پیداوار کرکے ایک نیا سنگِ میل طے کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بہت سی زرعی اصلاحات کی گئیں اور پالیسیاں بنائی گئیں، تاکہ کسانوں کو فائدہ ہو اور اناج کی پیداوار میں اضافہ ہو۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ بھارت، چاول کی پیداوار والا دنیا کا سب سے بڑا ملک بن کر، چین سے آگے بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دالوں کی پیداوار میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

پہلے یہ پیداوار ایک کروڑ 90 لاکھ ٹن تھی، لیکن اب یہ تقریباً 2 کروڑ 60 لاکھ ٹن ہوگئی ہے۔

جناب چوہان نے کہا کہ پردھان منتری دھن-دھانیہ یوجنا پر ملک کے 100 ضلعوں میں عمل درآمد کیا جارہا ہے، تاکہ اناج کی پیداوار میں متوازن ترقی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ مغربی بنگال سرکار نے اِس اسکیم پر عمل نہیں کیا۔

**SB - 1415 - Shivraj Singh**

انہوں نے کہا کہ ریاست کے چار ضلعوں، پُرولیا، دارجلنگ، علی پور دوار اور جھارگام کو اِس پروگرام کے تحت منتخب کیا گیا تھا،

تا کہ کسانوں کو مدد دی جاسکے اور پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔
جناب چوہان نے کہا کہ مرکز نے پچھلے سال کسانوں کیلئے مناسب قیمت والی کیمیادی کھادوں کیلئے ایک لاکھ 86 ہزار کروڑ روپے مالیت کی سبسڈی فراہم کی تھی۔×

## Trump Iran War

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی دی ہے کہ اگر ایران آبنائے ہرمز کے راستے تیل کی سپلائی کو روکنے کی کوشش کرتا ہے، تو اس کے خلاف فوجی کارروائی مزید شدت اختیار کرسکتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لڑائی توقع سے پہلے جلد ہی ختم ہوسکتی ہے۔
ایک نیوز کانفرنس کے دوران جناب ٹرمپ نے کہا کہ امریکی افواج نے ایران کی فضائیہ اور بحریہ کو بھاری نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ ابتدائی چار ہفتے کے فریم ورک کے اندر ہی ختم ہوسکتی ہے۔
اس دوران ایران کی سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے فوری طور پر جواب دیتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ اور اسرائیل کے حملے جاری رہتے ہیں تو وہ ایک لیٹر تیل بھی خطے سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں دے گی۔
سپاہِ پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان نے اعلان کیا کہ امریکہ نہیں، بلکہ ایران طے کرے گا کہ جنگ کب ختم ہوگی۔×

## Putin-Trump-US Iran War

روس نے کہا ہے کہ اُس کے صدر ولادیمیر پوتن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران ایران میں جاری امریکہ-اسرائیل جنگ اور یوکرین تنازعے پر تبادلۂ خیال کیا۔ صدر پوتن کے سفارتی مشیر Yuri Ushakov نے بتایا کہ دونوں عالمی رہنماؤں نے دسمبر کے بعد پہلی مرتبہ ایک گھنٹے تک فون پر بات کی۔ یہ بات چیت واشنگٹن کے ایما پر کی گئی۔ Ushakov نے بتایا کہ صدر پوتن نے، ایران کے خلاف، جو روس کا کلیدی اتحادی رہا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کی جنگ کے فوری سیاسی اور سفارتی تصفیے کی بات کہی۔ Ushakov نے مزید کہا کہ روسی صدر نے جناب ٹرمپ کو Line of Contact کی موجودہ صورتحال سے واقف کرایا، جہاں یوکرین جنگ میں، روس کی افواج بڑی کامیابی سے پیش قدمی کررہی ہیں۔×

## PIB Fact Check

حکومت نے ایک ویڈیو کا پردہ فاش کیا ہے، جو سوشل میڈیا پر گردش کررہا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ ملک، اسرائیل کو حراساں کرنے والے مسلم ملکوں کو برداشت نہیں کرے گا۔ ویڈیو میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ اسرائیل نے حال ہی میں افغان طالبان کو، بھارت کی درخواست پر تین ارب ڈالر کی امداد دی ہے۔
پریس انفارمیشن بیورو PIB کے، حقیقت معلوم کرنے والے یونٹ نے بتایا کہ یہ دعویٰ جھوٹا ہے اور یہ وائرل ویڈیو، عوام کو گمراہ کرنے کیلئے AI کی مدد سے تیار کیا گیا ہے۔ بیورو نے یہ بھی کہا کہ اِس طرح کا کوئی بھی بیان وزیر خارجہ نے نہیں دیا ہے۔×

## SC - IT Rules

سپریم کورٹ نے مرکز کی ایک درخواست پر غور و خوض کرنے سے اتفاق کیا ہے، جس میں بامبے ہائی کورٹ کے اِس فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا کہ سوشل میڈیا پر فرضی اور گمراہ کن مواد سے نمٹنے والے، اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے ضابطوں میں، 2023 کی

ترمیمات کو ختم دیا جائے۔
بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت کی قیادت والی ایک تین رکنی بینچ نے، اسٹینڈ اپ کومیڈین کُنال کامرا، ایڈیٹرز گِلڈ آف انڈیا اور ایسوی ایشن آف انڈین میگزینز سمیت، اصل درخواست گزاروں کو نوٹس جاری کیا ہے۔ البتہ سپریم کورٹ نے 2024 کے بامبے ہائی کورٹ کے اُس فیصلے پر روک لگانے سے انکار کردیا، جس میں ضابطوں میں کی گئی اِن ترمیمات کو غیر آئینی قرار دیا گیا تھا۔
چیف جسٹس نے کہا کہ بہتر ہوگا کہ اِس معاملے پر کوئی حتمی فیصلہ آنے دیا جائے۔×

## WB - ECI

بھارت کے انتخابی کمیشن نے کولکاتہ میں آج صبح ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر، ریاستی پولیس اور مرکزی ریزرو پولیس کے نوڈل افسران کے ساتھ، چناؤ کی تیاریوں سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی۔ کمیشن، مغربی بنگال سرکار کے چیف سکریٹری، DGP اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ بھی میٹنگ کررہا ہے، جس کے بعد بوتھ سطح کے افسران کے ساتھ بات چیت کی جائے گی اور ایک پریس کانفرنس منعقد کی جائے گی۔
اعلیٰ انتخابی کمشنر سمیت ECI کی مکمل بینچ، اتوار کی شام کولکاتہ پہنچی تھی، تاکہ مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات سے پہلے چناؤ کی تیاریوں کا جائزہ لیا جائے۔
کُل کمیشن کی مکمل بینچ نے چناؤ عمل کیلئے مشورے طلب کرنے کے مقصد سے تسلیم شدہ قومی اور ریاستی سیاسی پارٹیوں کے ساتھ میٹنگ منعقد کی تھی۔
کمیشن نے وضاحت کی کہ خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کوئی بھی اہل ووٹر، فہرست سے باہر نہ رہ جائے اور کوئی بھی نا اہل شخص ووٹر فہرست میں شامل نہ رہ جائے۔
کمیشن نے یہ بھی بتایا کہ اہل ووٹروں کو شامل کرنے، نا اہل ووٹروں کو فہرست سے باہر کرنے اور فہرست میں کسی طرح کی تبدیلی کرنے کیلئے فارم چھ، ساتھ اور آٹھ کے تحت ضروری طریقِ کار کا سلسلہ جاری ہے۔×

## CISF Raising Day

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سینٹرل انڈسٹریل سیکورٹی فورس کے یومِ تاسیس کے موقع پر اس کے سبھی اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ CISF پورے ملک کے اہم بنیادی ڈھانچوں کی حفاظت میں ایک اہم رول ادا کرتی ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ فرائض کی انجام دہی کیلئے اُن کا پختہ عزم، بھارت کی سلامتی اور ترقی میں بڑا تعاون دیتا ہے۔
وزیرداخلہ امت شاہ نے بھی یومِ تاسیس کے موقع پر CISF کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ اُن کی محنت اور لگن سے حب الوطنی کی حقیقی روح ظاہر ہوتی ہے۔×

## NCERT Book Withdrawn

تعلیمی تحقیق و تربیت کی قومی کونسل NCERT نے آٹھویں کلاس کی سوشل سائنس کی نصابی کتاب Exploring Society: India and Beyond کے دوسرے حصے کو واپس لے لیا ہے۔ اِس کتاب میں چوتھے باب کا موضوع ہے: ’’ہمارے سماج میں عدلیہ کا رول‘‘۔

NCERT نے آج ایک معافی نامہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ اِس پوری کتاب کو واپس لے لیا گیا ہے اور یہ اب دستیاب نہیں ہے۔ NCERT کے ارکان اور ڈائریکٹر نے اِس چوتھے باب کیلئے بلاشرط معافی مانگی ہے۔×

**Drugs Seized**

میزورم کے وزیر داخلہ Pu K. Sapdanga نے اسمبلی کو یہ جانکاری دی ہے کہ یکم ستمبر 2025 سے جاری Operation Jericho کے تحت تقریباً 317 کروڑ 30 لاکھ روپے کی منشیات ضبط کی گئی ہیں۔ اجلاس کے دوران ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر داخلہ نے بتایا کہ منشیات کے خلاف شروع کئے گئے آپریشن میں 317 کروڑ 30 لاکھ روپے کی منشیات ضبط کی گئی ہیں۔×

**J&K Pak Drone**

جموں وکشمیر میں سیکورٹی فورسز نے آج سانبا ضلعے میں بین الاقوامی سرحد سے متصل علاقے میں ایک مشتبہ پاکستانی ڈرون کی سرگرمی کی اطلاع کے بعد تلاشی کی کارروائی شروع کی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ گزشتہ شب Daboh علاقے میں دشمن کے ایک مشتبہ ڈرون کی نقل و حرکت کے بارے میں جانکاری ملنے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے مناسب کارروائی کرتے ہوئے علاقے میں مزید فورسز تعینات کیں اور علاقے میں تلاشی کی کارروائی شروع کی، تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اِس ڈرون سے کوئی ہتھیار یا منشیات نہیں گرائے گئے ہیں۔ علاقے میں فوج، پولیس اور سرحدی سیکورٹی فورس BSF کی ایک مشترکہ تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔×

**BCCI Award**

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے ICC مردوں کا ٹی ٹوینٹی عالمی کپ جیتنے والی بھارتی ٹیم کو 131 کروڑ روپے کا انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ BCCI کے سکریٹری دیوجیت Saikia نے کہا کہ انعام کی رقم کا اشتراک سوریہ کمار کی قیادت میں چمپئن شپ جیتنے والی ٹیم کے 15 کھلاڑیوں، کوچنگ اسٹاف اور دیگر معاون عملے کے درمیان کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاون عملے کے درمیان صحیح تقسیم کا فیصلہ درجہ بندی کے مطابق کیا جائے گا۔×

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات نے آج ہماچل پردیش میں شدید سے بہت شدید گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ گجرات، کونکن، گوا، ودربھ اور راجستھان میں بھی گرمی کی لہر کا امکان ہے۔ مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ میں پورے دن گرمی اور ہوا میں نمی رہے گی۔×

**Swiss Open Badminton**

سوئس اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے مایہ ناز کھلاڑی ایچ ایس پرینوئے اور کدامبی سری کانت، بھارت کی قیادت کریں گے۔ یہ ٹورنامنٹ آج سوئزرلینڈ کے شہر Basil میں شروع ہورہا ہے۔

مردوں کے سنگلز میں سری کانت، کل ہانک کانگ کے Jason Gunawan کے ساتھ کھیلیں گے۔ سری کانت نے پچھلے سال ملیشیا ماسٹرز اور اور سید مودی انٹرنیشنل کے فائنلز میں جگہ بنائی تھی۔ پرینوئے، جنہوں نے 2023 کی عالمی چیمپئن شپس اور

ایشیا کھیلوں میں کانسے کے تمغے جیتے تھے، جاپان کے Koki Watanabe کے ساتھ کھیلیں گے۔
اِن کے علاوہ Tharun Mannepalli، جاپان کے ایک اور کھلاڑی Kenta Nishimoto کے ساتھ، جبکہ آیوش شیٹی، کینیڈا کے Brian Yang کے ساتھ کھیلیں گے۔
کِرن George کا مقابلہ ایک اور اوپننگ راؤنڈ میں سنگاپور کے Loh Kean yev کے ساتھ ہوگا۔
مردوں کے ڈبلز میں عالمی نمبر چار ستوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کا مقابلہ سنگاپور کی جوڑی Eng Keat Wesley Koh اور Junsuke Kubo سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆